سوال

(222) صبح کی نماز میں دعاء قنوت میں قرآنی دعاؤں کو پڑھنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صبح کی نماز میں دعاء قنوت میں قرآنی دعاؤں کو مثلاً رَبَّنَا اٰتِنَا وغیرہ پڑھنا جائز ہے یا نا جائز؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فجر کی نماز میںبلاعذر قنوت پر مداومت نہیں کرنی چاہیے : اللھم اھدنا فیمن ھدیت الخ کے ساتھ یا اس کے بغیر یہ دعا بھی پڑھنی مناسب ہے ۔

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ وَاَلِّفْ بَیْنَ قُلُوْبِھِمْ وَاَصْلِحْ ذَاتَ بَیْنِھِمْ وَانْصُرْھُمْ عَلٰی عَدُوِّکَ وَعَدُوِّھِمْ اَللّٰھُمَّ الْعَنْ کَفَرَةَ اَھْلِ الْکِتَابِ الَّذِیْنَ یُکَذِّبُوْنَ رُسُلَکَ وَیُقَاتِلُوْنَ اَوْلِیَائَ کَ اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَ کَلِمَتِھِمْ وَزَلْزِلْ اَقْدَامَھُمْ وَاَنْزِلْ بِھِمْ بَاْسَکَ الَّذِیْ لَا تَرُدُّ عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِیْنَ ۔

قنوت میںقرآنی دعا بھی پڑھی جا سکتی ہے کہ حنفیہ قنوت وتر میںمصحف ابی کے مطابق سورۃ الحفد وسورۃ الخلع پڑھنے کے مدعی وقائل ہیں ۔ (محدث دہلی جلد ۸ ش ۱۲)

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04 ص 295

محدث فتویٰ